اسپین کا سفر

علمی اور معلوماتی رسالہ کی ہندوستان کے اردو قارئین تک رسائی کی کاوشیں۔

اسپین اردو کی توسیع اشاعت اور میگزین کو مزید بہتر بنانے کے سلسلے میں قارئین سے گفتگو کرنے اور ان کے خیالات سے آگاہی حاصل کرنے کی غرض سے اسپین کی چیف ایڈیٹر لیزا اے. سوینارسکی ڈی ہریرا اور اردو ایڈیٹر انجم نعیم نے گذشتہ دنوں حیدرآباد' لدھیانہ اور مالیر کوٹلہ کے دورے کئے۔ حیدرآباد میں اردو جرنلسٹس ایسوسی ایشن آف آندھرا پردیش کی خصوصی دعوت پر مدعو اردو صحافت کے مسائل پر منعقد دو روزہ ورکشاپ میں لیزا سوینارسکی نے اپنا مقالہ بعنوان ''مائنارٹی میڈیا'' پیش کیا اور انجم نعیم نے اردو صحافت کے مسائل اور اسپین کی کارگذاریوں پر تفصیلی گفتگو کی اور شرکاء کے سوالوں کے جوابات دیے۔(۱)

ایک دوسرے استقبالیہ پروگرام میں جسے' فرینڈس آف اسپین' نے منعقد کیا تھا' قارئین نے اسپین کی خدمات نیز اسے مزید بہتر بنانے کی سلسلے میں کیا اقدامات کئے جا سکتے ہیں' پر تفصیل سے گفتگو کی۔ اس بے تکلف نشست میں جس میں شہر کے تقریباً ۶۰ صحافیوں' ادیبوں اور اساتذہ نے شرکت کی تھی' اردو ماس کمیونی کیشن فار پیس کی جانب سے لیزا سوینارسکی اور انجم نعیم کو ایک سرٹیفکیٹ اور میڈل سے نوازا گیا۔(۲)

پنجاب کے دو شہروں' لدھیانہ اور مالیر کوٹلہ کا سفر اس لحاظ سے اہم تھا کہ پنجاب جو کبھی اردو کی آماجگاہ سمجھا جاتا تھا وہاں اردو کی اب وہ شان باقی نہیں رہی لیکن مالیر کوٹلہ اور کسی حد تک احمد گڑھ پورے پنجاب میں اردو کے ایک علاقے کے طور پر اب بھی اپنی پہچان رکھتے ہیں۔ مالیر کوٹلہ کے گورنمنٹ کالج اور اورینٹل اسٹڈیز کے ادارے' نواب شیر محمد خان انسٹی ٹیوٹ میں طلبہ' طالبات اور اساتذہ سے ملاقات کے دوران امریکہ میں مسلمانوں کے شب و روز کے علاوہ اسپین اور اس سے متعلق موضوعات پر تفصیل سے باتیں ہوئیں۔(۳)